THE MESSENGER
پندرہ روزہ
پیغامبر
اسکاربرو کینیڈا
مدیر سہیل اختر

حضرت داتا گنج بخش رح

آپ برصغیر میں تبلیغ اسلام کے پہلے علمبردار اور مخدوم المشائخ ہیں

تحریر:- حافظ بشیر احمد غازی آبادی



علی نام، کنیت ابو الحسن، حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کا اسم گرامی ... [illegible]

اسلام کے ہمہ گیر انقلاب نے عقیدہ و تہذیب ... [illegible]

[illegible]

حضرت علی ہجویری کی کتاب "کشف المحجوب" سے

[illegible]

الفقر عز لاهله

[illegible]

MAKE A SAFE INVESTMENT AT HOME WHILE LIVING ABROAD

KHAYABAN-E-KHAIRUDDIN

A HOUSING SCHEME WITH A DIFFERENCE

approved by Lahore Development Authority. VIDE NO. TPG 894—92





OUTSTANDING FEATURE.
Ownership of One Family.
Sale performed personally
hence free from all encumberances.
L.D.A. stands surity for Development.

SITE LOCATION.
Stones throw distance from Model Town,
Faisal Town and University
New Campus. Lahore.

TECHNICAL DATA.
Spread over 425 Kanals,
The scheme comprises of 10 Marlas
to 1 Kanal Residential plots,
Development consists of
25 to 50 feet wide metalled roads,
underground sewerage,
Water supply & Electricity.
Mosque, Parks, School, Hospital,
Flats & Commercial Zone are
also provided.

TRANSRORT.
Buses, Mini Buses, Taxis &
Rikshaws readily available.

PROGRESS OF DEVELOPMENT.
50% development work already
completed, Colony ready for
Houses construction.

PRICE OF PLOTS
On 25 ft. wide road. Rs : 2250/- per Marla
On 30 ft. wide road. Rs : 2500/-
On 40 ft. wide road. Rs : 2750/-
On 50 ft. wide road. Rs : 3000/-
Cost of land and development is
payable in four equal instalments
over six months period.

DEVELOPMENT CHARGES
Rs : 1250/-Per Marla.

KHAYABAN-E-KHAIRUDDIN

90-A-C II, LIBERTY MARKET GULBERG, LAHORE (PAKISTAN).
Phones : 871318, 871328.
Bankers : Habib Bank Ltd. Super Market Gulberg Lahore.

آئین حیات

خلفائے راشدین کی امانت و دیانت کی ولولہ انگیز مثالیں

ڈاکٹر احمد حسین کمال

۱۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ ثالث امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے بعد آپ کے جانشین منتخب ہوئے تھے۔ [illegible] اسلامی سلطنت [illegible]

[illegible] والی خلیفہ اور امیر المومنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کیا حال تھا ملاحظہ فرمایئے۔

خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ [illegible]

[illegible]

طبقات ابن سعد کی ایک روایت ہے کہ آپ نے ایک دفعہ فرمایا کہ اگر کتاب اللہ کا حکم ہو کہ مجھے قید کر دیا جائے

تو آپ حضرات فوراً اس پر عمل کریں۔

۲۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے بعد حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ مقرر ہوئے۔

[illegible]

2501 Eglinton Ave. E.
261-2297
Scarborough

"ماشاء اللہ" آپ کا بچہ بڑا ہو چلا ہے لیکن آپ کی بچت؟



[illegible]

لا ثانی بچت کا واحد طریقہ "انشورنس"، بیمہ زندگی کا ہو مکان کا، بچت بچوں کیلئے ہو یا خود اپنے لئے، اپنے خیالات کو عملی جامہ پہنانے کیلئے ہمیں آج ہی فون کیجئے۔

LIFE, HOME, AUTO, R.R.S.P.
ACCIDENT & SICKNESS GROUP PLANS

HAROON BHABHA
INSURANCE AGENCY
801 YORK MILLS RD. STE. 201, DON MILLS M3B 1X7
444-2072 OR 425-3146

سچی باتیں

(از مولانا عبدالماجد دریابادی مرحوم)

ہر روز صبح سے لے کر رات تک، آپ کی زبان پر جو کچھ آتا رہتا ہے کبھی آپ نے تنہائی میں اس پر کچھ غور فرمایا ہے؟ ہر روز جتنی باتیں آپ کی زبان پر آتی رہتی ہیں، کبھی آپ نے انہیں قلم بند کر کے یہ سوچا ہو کہ کتنی باتیں ان میں جا تھیں اور کتنی بیجا؟ کتنے لفظ زبان پر لانے والے تھے، کتنے نہ تھے؟ کبھی آپ نے اس کا حساب لگایا ہو کہ ہر روز بلاناغہ جتنی گفتگو آپ فرماتے رہتے ہیں اس کا کتنا حصہ محض عبث، فضول اور غیر ضروری ہوتا ہے کتنا حصہ ایسا ہوتا ہے جس سے دوسروں کی دل شکنی اور دل آزاری ہوتی ہے۔ کتنا حصہ جھوٹ، مبالغہ اور ناراستی پر شامل ہوتا ہے کتنے حصے سے دوسروں کی غیبت ہوتی ہے۔ کتنے سے اپنی بڑائی اور خود بینی نکلتی ہے۔ کتنے سے اللہ کے ساتھ بے تعلقی، بدگمانی اور بے اعتباری ثابت ہوتی ہے۔ کتنا دوسروں کی خوشامد اور جھوٹی تعریف کے لیے وقف ہوتا ہے۔ اور کتنے حصہ میں محض اپنی بات کی پیچ کرنے، یا اپنے ماننے والے کو خوش کرنے کے لیے آپ کو اپنی دیانت خودداری کا خون کرتے رہنا پڑتا ہے؟ ساری عمر کا اندازہ نہ کیجیے ایک سال، ایک مہینہ، ایک ہفتہ کا بھی حساب جانے دیجیے۔ صرف ایک شبانہ روز کا ہی حساب کر کے اسے جانچ لیجیے۔

آپ دوسروں کو بے احتیاط، بدزبان، دروغ گو، مفتری، عیب چین، فتنہ پرداز، سخن چین، قرار دیتے ہیں۔ لیکن خود اپنی گفتگوؤں کو کبھی آپ نے اس پیمانہ سے ناپا ہے؟ جو آپ دوسروں کے لیے ہر وقت ہاتھ میں لیے رہتے ہیں، کیا آپ کے خیال میں آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کی زبان سے جو کچھ نکل جا رہا ہو گا یہ کہیں اور حرفاً حرفاً قلم بند نہیں ہوتا جا رہا ہو؟ کیا آپ کے نزدیک آپ کی زبان ہر قسم کی ذمہ داری سے آزاد اور مستثنیٰ ہو؟

کیا آپ کے عقیدہ میں صدق مطلق کا یہ وعدہ کہ انسان کوئی بات نہیں بولتا، "مَا يَلْفِظُ مِن قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ رَقِيبٌ عَتِيدٌ" مگر یہ کہ اس کے لیے ایک نگہبان تیار رہتا ہو، نعوذ باللہ جھوٹ ہو؟ یا آپ کو یہ اطمینان ہو کہ آپ کی زبان سے جو کچھ نکل رہا ہو کم از کم اس پر کسی کو گرفت نہیں ہو سکتی؟ اگر ان تمام سوالات کا جواب نفی میں ہو، تو پھر آپ اپنی گفتگو کی طرف سے اس قدر مطمئن بے پرواہ اور بے خوف کیوں ہیں؟ کیا قبل اس کے کہ دوسرے کے سامنے حساب دینا پڑے خود ہی اپنے سے حساب لینا بہتر نہ ہو گا؟

تاریخ اور تذکروں میں آپ پیمبروں، بزرگوں اور خلفاء و روحانیت کے بڑے بڑے مقدس و برگزیدہ رہبروں کے حالات پڑھ چکے ہیں۔ کیا (نعوذ باللہ) ان میں سے کوئی "زیادہ گو" گزرا ہے؟ کیا وہ بھی دن رات بک بک میں گزارتے تھے؟ خود اپنا تجربہ و مشاہدہ آپ کو کیا بتاتا ہے؟ زیادہ گوئی سے جھگڑے اور فساد بڑھتے ہیں، لوگوں کو ملال و عناد پیدا ہوتا ہے۔ اپنے قلب پر غفلتوں کا پردہ اور گہرا ہوتا جاتا ہے۔ آپس کی رنجشیں اور بدگمانیاں بڑھتی ہیں۔ اپنے نامۂ اعمال میں جھوٹ، مبالغہ، غیبت، خود بینی، غصہ، سخت کلامی وغیرہ کے عنوانات میں اور اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ یا اس کے برعکس سکون خاطر و اطمینان قلب حاصل ہوتا ہے، روح کو تسلی و تسکین نصیب ہوتی ہے اور اپنی ذمہ داریوں کا بوجھ ہلکا ہوتا معلوم ہوتا ہے؟ اگر آج ہم میں سے ہر شخص محض اتنا عزم کر لے کہ آئندہ سے اپنی زبان اپنے قابو میں رکھے گا تو ذاتی اور خاندانی، شخصی اور قومی کتنی خرابیوں، کتنی رنجشوں، کتنے فتنوں کا اسی لمحہ اور اسی آن خاتمہ ہو سکتا ہے؟ تو بولو قول سدید (بات کو ٹھیک اور مضبوط) کا فرمان جہاں وارد ہوا ہے، وہیں معاً یہ بشارت بھی دے دی گئی ہے کہ يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ (تمہارے عملوں کی اصلاح ہو جائے گی تمہارے بگڑے ہوئے کام بن جائیں گے) کاش ایک مرتبہ ہم ابھی دل سے خدائی نسخہ پر عمل کی توفیق ہو جائے!

شعلِ ہدایت

تعلیماتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

- ★ ایک ساعت کا انصاف (برسہا برس) کی عبادت سے بہتر ہے۔
- ★ وہ شخص بے دین ہے جس میں دیانت داری نہیں۔
- ★ وہ شخص بھی بے دین ہے جس میں عہد کی پابندی نہیں۔
- ★ جو لوگ میانہ روی اختیار کرتے ہیں، وہ کسی کے محتاج نہیں ہوتے۔
- ★ بری مجلس سے احتراز کرو۔
- ★ انسان کی سرداری یہ ہے کہ وہ کفایت شعار ہو۔
- ★ غلے کو روک کر بیچنے والا ملعون ہے۔
- ★ مکر، دھوکا اور خیانت کرنے والا دوزخ میں جائے گا۔
- ★ عورت کی عزت شریف الطبع ہی کرتے ہیں اور اس کی اہانت کمینے لوگوں کے سوا کوئی نہیں کرتا۔
- ★ عورتوں میں سب سے اچھی عورت وہ ہے جسے اس کا شوہر دیکھے تو خوش ہو جائے۔
- ★ (اللہ کو ماننے کے بعد) بہترین دانائی انسانوں سے محبت کرنا ہے۔
- ★ بلند ہمتی ایمان کی علامت ہے۔
- ★ خدا بلند امور کو پسند اور چھوٹے کاموں کو ناپسند کرتا ہے۔
- ★ دولت مند پر حسد نہ کرو، دولت کی لذتیں فانی و عارضی ہیں۔
- ★ خدا کے نزدیک بہترین دوست وہ ہے جو اپنے دوست کا خیر خواہ ہو۔
- ★ جو شخص عیب جوئی کرتا ہے اور دوسروں پر آوازیں کستا ہے اس کیلئے بربادی ہے۔
- ★ جو کوئی اللہ پر توکل رکھے گا اللہ اس کے لئے کافی ہوگا۔

THE MESSENGER

پیغامِ بشر

اسکاربرو (کینیڈا)

پبلشر و ایڈیٹر: سہیل اختر

۷۸۶

جہاں بینی میری فطرت ہے لیکن
کسی جمشید کا ساغر نہیں ہوں



قسم ہے روزِ روشن کی!
اور رات کی جب وہ سکون کے ساتھ طاری ہو جائے۔
اے نبی تمہارے رب نے تمہیں ہرگز نہیں چھوڑا
اور نہ وہ ناراض ہوا
اور یقیناً تمہارے لئے بعد کا دور پہلے دور سے بہتر ہے
اور عنقریب تمہارا رب تم کو اتنا دے گا کہ تم خوش ہو جاؤ گے
کیا اس نے تم کو یتیم نہیں پایا اور پھر ٹھکانہ فراہم کیا اور تمہیں ناواقفِ راہ پایا اور پھر ہدایت بخشی
اور تمہیں نادار پایا اور پھر مالدار کر دیا
لہٰذا یتیم پر سختی نہ کرو
اور سائل کو نہ جھڑکو
اور اپنے رب کی نعمت کا اظہار کرو

— الضحیٰ ۱-۱۱

کیا آپ اس کے حق میں ہیں کہ ٹورانٹو میں پاکستانی ٹی۔وی۔ پروگرام ہونا چاہئے؟

اگر آپ چاہتے ہیں کہ ٹورانٹو میں پاکستانیوں کا اپنا ٹی۔وی۔ پروگرام ہو تو درج ذیل کوپن بھیجئے

میں چاہتا/چاہتی ہوں کہ ٹورانٹو میں پاکستانیوں کا اپنا ٹی۔وی۔ پروگرام ہو

نام: ____________

پتہ: ____________

فون نمبر: ____________

براہ کرم نام و پتہ اور فون نمبر انگریزی میں لکھیں۔ اپنا کوپن درج ذیل پتہ پر روانہ کریں۔

MONTHLY AAWAZ P.O. BOX 2113, STATION B SCARBOROUGH, ONT. M1N 2E5

ٹیپوئے ثانی سیّد قاسم رضوی

ایک تاریخ ساز شخصیت

تحریر: سیّد ذیشان حیدر ذیشان

حلقۂ ادب اسکاربرو نے ۱۵ رجنوری کو جن کی گیارہویں برسی منائی

ریاست حیدرآباد پر بھارتی فوج کی یلغار کا جب بھی ذکر ہو تو ایک نام لازمی طور پر ذہن میں ضرور ابھرتا ہے۔

قاسم رضوی — !

سید محمد قاسم رضوی !!

علامۂ مالامثل، مجاہد اعظم، صدیق دکن، ٹیپوئے ثانی صدر مملکت مجلس اتحاد المسلمین قاسم رضوی !!!

بظاہر ایک نہایت نحیف و نزار دبلا پتلا انسان مگر ایسا شیر دل اور شجاعت مند انسان جس کا نام سن کر بھارتی حکمرانوں کو پسینہ آجاتا تھا۔

جرأت و ہمّت کا بے مثال پیکر اور مردِ حُر قاسم رضوی — جن کی وفات کو آج پورے دس سال گذر گئے ہیں — پوری دہائی — برسہا برس کا ایک عشرہ — !!

قاسم رضوی آج منوں مٹی کے ڈھیر تلے اسی خاک کا ایک حصہ بن چکے ہیں جس نے رستم دستان جیسے پہلوان چنگیز ہلاکو اور حجاج بن یوسف جیسے حکمران ابوذر غفاری، عمار یاسر، مقداد جیسے صحابہ کرام بایزید بسطامی، خواجہ عثمان ہارونی، خواجہ غریب نواز معین الدین چشتی، بختیار کاکی، محبوب الٰہی نظام الدین اولیاء، سرکار عالم پناہ حاجی وارث علی شاہ جیسے عظیم المرتبت اولیائے کرام اور اچھی بری ہستیوں کو نگل لیا۔

وہی قاسم رضوی جو دیکھنے میں تو ہڈیوں کا ایک ڈھانچہ اور ایک مشت خاک تھا مگر مسلمان قوم کی بہتری کے لئے آرزومند اس کی بے قرار روح نے پنڈت نہرو، سردار پٹیل، پنڈت پنت، جنرل چودھری اور ہندوستان کے شیر دلوں کے چھکے چھڑا دیئے اور ان کی نیندیں اچاٹ کر رکھی تھیں۔

۱۵ جنوری ۱۹۷۰ء کی ایک منحوس صبح مجاہد دکن سید قاسم رضوی اس جہان فانی سے رخصت ہو کر منوں مٹی کے نیچے ابدی نیند جا سوئے وہ نحیف مرد جو حیدرآباد دکن کی موسیٰ (موسی ندی) کی پرشور لہروں سے طوفان بن کے ابھرا

مجاہد دکن کے والد ماجد سید احمد رضوی

تھا، کراچی کے پارسی گٹ کے قبرستان کے ایک گوشہ میں دفن ہے۔ آج وہ اگرچہ جسمانی طور پر ہم میں موجود نہیں مگر برصغیر کے مسلمان بلکہ ایک قوم قیامت تک اس لعل حریت، مجاہد ایثار کوش اور مرد قلندر کو کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔

جس نے جبر کی راہ میں منہ موڑ کیا وہ طوفان

دریاؤں کے دل جس سے دہل جائیں وہ طوفان

وہ جنوبی ہند میں معماران پاکستان کی صفوں کی ایک نمایاں شخصیت تھے نواب بہادر یار جنگ کے بعد سید قاسم رضوی کی جادو اثر تقاریر اور سحر انگیز صدائے دلنشیں ہی تھی جس نے جنوبی ہند کے مسلمانوں کو پاکستان کی تحریک کے لئے زبردست جذبہ اور عمل عطا کیا۔

تحریک پاکستان کے دوران انہوں نے قصبی پاکستان کی نیلی کلائی میں، دامے، درمے اور سخنے بھی اعانت کی۔

۱۵ جنوری ۱۹۷۰ء کو گذرے آج پورے دس سال ہو چکے ہیں اس ۱۵ جنوری کو مجاہد دکن کی گیارہویں برسی منائی جا رہی ہے تو دل چاہتا ہے کہ لوگوں کو بتایا جائے کہ ایک غیر معمولی انسان نے کس طرح نہایت بے سروسامانی کے باوجود زبردست دشمن قوتوں ہندوؤں اور انگریزوں کے دانت کھٹے کئے۔

ابتدائے زندگی

ٹیپوئے ثانی سید قاسم رضوی نسبی اعتبار سے کاظمی سید تھے — ان کا شجرۂ نسب آٹھویں امام حضرت امام علی رضا سے ہوتے ہوئے مولا مشکل کشا علی مرتضیٰ علیہ السلام اور خاتون جنت بی بی فاطمہ کے توسط سے افضل الانبیاء سرور کائنات محمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملتا ہے۔ یہ خاندان حجاز سے ہجرت کے بعد ایران و کشمیر میں عرصہ دراز تک زندگی بسر کرنے کے بعد لکھنؤ میں آباد ہو گیا۔

آخری شاہ اودھ نواب واجد علی شاہ — مجاہد دکن سید قاسم رضوی کے پردادا عالی جناب سید ابراہیم رضوی کے ہم زلف تھے۔ ان کے پردادا سید ابراہیم رضوی بڑے قلندر صفت عالم و صوفی تھے۔ اور ان کا مزار لکھنؤ میں محلہ گنگی شنگن کے تالاب کے پیچھے عقب امین آباد میں آج بھی مرجع خلائق ہے۔

۱۸۵۷ء کے ناکام انقلاب (جسے غدر کے منحوس نام سے پکارا جاتا ہے) کے بعد یہ خاندان دکن چلا گیا۔ جہاں مجاہد دکن کے دادا سید اکبر رضوی کمشنر پولیس اور بڑے دادا سید انور رضوی کلکٹر کے عہدہ پر فائز ہوئے۔ مجاہد دکن کے والد ماجد سید احمد رضوی ریاست دکن کے فنانس سیکرٹری تھے۔ قاسم رضوی ۱۳ مئی ۱۹۰۲ء میں اورنگ آباد ضلع حیدرآباد دکن میں پیدا ہوئے سید قاسم رضوی کی والدہ ماجدہ خالص عرب نژاد تھیں جن کے دادا عبداللہ بن احمد نے حیدرآباد میں نظام دکن کی درخواست پر عبداللہ کا رسالہ کے نام سے رجمنٹ قائم کی تھی۔

عہد طفولیت قاسم رضوی کے بچپن سے ہی حیرت انگیز خوبیوں کا اظہار ہوتا تھا وہ جسمانی طور پر دبلے پتلے ہونے کے باوجود دلیر طاقتور، پھرتیلے اور دھن کے پکے تھے۔ متمول خاندان میں پیدا ہونے کے باوجود نہایت سادگی پسند اور قلندرانہ طبیعت کے مالک تھے۔ چار سال کی عمر میں گھر ہی میں قرآن کی تعلیم شروع کی اور ۵ سال کی عمر میں مدرسۂ آصفیہ میں داخل ہوا جس کے پرنسپل مولوی (بعد میں بابائے اردو کہلائے) عبدالحق تھے۔

حیرت انگیز خوبیاں

۹ سال کے تھے کہ والدہ کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ جس کے بعد انہیں ان کے والد سید احمد رضوی کے ملنے والے نواب خواجہ برہان الدین کے پاس روانہ کر دیا گیا جو لاولد تھے۔ اور جن کی بیگم کو ننھے قاسم سے بڑا لگاؤ تھا۔ انہوں نے پہلے قرآن پاک ختم کیا بعد میں مدرسہ نظامیہ فرنگی محل (لکھنؤ) داخل کر دیئے گئے۔ جہاں انہوں نے اردو، فارسی اور عربی کی تعلیم حاصل کی۔ سید قاسم کو انگریزی ایک ہندو استاد گھر پر پڑھاتے تھے بعد ازاں لال باغ (لکھنؤ) کے اسلامیہ ہائی اسکول میں پانچویں جماعت میں داخل کرا دیئے گئے۔ یہاں پڑھائی کے دوران اسی اسکول کے اچھے ڈبیٹروں میں ان کا شمار ہونے لگا۔ اردو اور انگریزی ڈراموں میں حصہ لیتے۔ ۱۹۱۷ء میں ایک انگریزی ڈرامہ کنگ الفریڈ میں ہیرو کا کردار ادا کر کے بڑی داد و تحسین حاصل کی۔ ہاکی کے اچھے کھلاڑی رہے چھ سالہ اسکول کی انتظامی ہسٹری میں انہوں نے ہاکی ٹیم کے کپتان کی حیثیت سے عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ اپنی جسمانی کمزوری کے باوجود وہ اپنے

۱۹۳۰ء میں ایل ایل بی کرنے کے بعد

اسکول میں بلاؤن کمانڈر بھی رہے۔ میٹرک کا امتحان کلکتہ یونیورسٹی سے دیا اور ایف اے (انٹر میڈیٹ) کرنے کے لئے مسلم یونیورسٹی علیگڑھ میں داخل ہوئے۔ ان دنوں وہاں ڈاکٹر سر ضیاء الدین وائس چانسلر تھے۔ (ابا) حلیم پرو وائس چانسلر اور پروفیسر حبیب الرحمٰن تھے۔ سید قاسم رضوی کا ایکسلنٹ بہت اچھے اور اسپیڈ لیس طالب علم اور غیر نصابی شعبوں میں اچھے کھلاڑی۔ اچھے اداکار، اچھے مقرر، عمدہ شاعر اور افسانہ نگار ہونے کے ساتھ ساتھ بہت خوبصورت FLUTE PLAYER بھی تھے۔ اللہ پاک نے گلے میں بڑا سوز بھی عطا کیا تھا اس لئے گانے بھی بڑا دلکش تھے۔

سایۂ شفقت سے محروم نواب خواجہ برہان الدین کے سونے گھر میں پھول کی طرح مہکنے والا یہ بچہ جوان ہو کر خالص عرب کا لیڈر بن گیا۔ ۱۹۲۳ء میں مسلم یونیورسٹی علیگڑھ سے ایل ایل بی کرنے کے بعد انہوں نے باقاعدہ عوام کے دکھ درد میں حصہ لینا شروع کر دیا۔ علیگڑھ کے زمانۂ طالب علمی میں شیخ عبداللہ (بعد میں وزیر اعظم کشمیر ہوئے) محمد ایوب خان (بعد میں کمانڈر انچیف، صدر پاکستان اور فیلڈ مارشل ہوئے) خان عبدالقیوم خان اور جسٹس خورشید الزماں وغیرہ بھی علیگڑھ مسلم یونیورسٹی میں پڑھ رہے تھے۔

وکالت کا آغاز ۱۹۳۲ء میں انہوں نے حیدرآباد کے شہر لاتور سے وکالت کا آغاز کیا اور دیکھتے ہی دیکھتے اعلیٰ پائے کے وکلاء میں گنے جانے لگے۔ انہوں نے وہاں طلبہ کے لئے ہوسٹل اور لائبریری بنوائی جس کے اخراجات وہ خود اٹھاتے۔ بے شمار لڑکوں کو اعلیٰ تعلیم کے لئے وظیفے دے کر انہیں آگے بڑھایا۔

مظلومین فیروز آباد سے ہمدردی ۱۹۳۵ء میں انہوں نے سرگرم سیاست میں حصہ لینا شروع کیا۔ اسی زمانے میں یوپی کے ایک شہر فیروز آباد میں ماہ محرم کے دوران زبردست ہندو مسلم فساد ہوا جس میں ایک درجن سے زیادہ افراد ہلاک ہوئے۔ اور سینکڑوں مسلمانوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ سید قاسم رضوی نے سب سے پہلے فیروز آباد کے مسلمانوں کے لئے آواز اٹھائی کہ مسلمانان ہند کو ان مظلوموں کی طرف متوجہ کیا۔ اس بلوہ کے مقدمہ میں فیروز آباد کے رئیس شہر حکیم اسحٰق علی عرف منّا میاں کو الہ آباد ہائی کورٹ نے سزائے موت کا فیصلہ سنایا۔ جو بعد میں عمر قید میں تبدیل ہوا۔ قاسم رضوی نے دکن سے حکیم اسحٰق کی بے گناہی ثابت کرنے کے لئے سینکڑوں تار حکومت برطانیہ کو لندن ارسال کرائے جس کا خاطر خواہ نتیجہ نکلا اور دوسری کوششوں کے ساتھ ساتھ یہ تحریک کارگر ہوئی۔ حکیم اسحٰق علی کو پریوی کونسل آف لندن نے باعزت بری کر دیا۔

رضاکاروں کی تنظیم

۱۹۳۵ء ہی میں بیرون حیدرآباد کے ہندو مہاسبھا، جن سنگھ، آریہ سماج کے لوگ لاتور کے نہتے مسلمانوں پر ظلم ڈھانے لگے۔ وہ بے قصور مسلمانوں کو مارتے، لوٹتے اور کھیت تاراج کر دیتے — سید قاسم رضوی نے ہندو مسلم بھائی چارہ کی جو خوشگوار فضا پیدا کی تھی ہندو فرقہ پرستوں نے اس کا سارا تار و پود بکھیر کر رکھ دیا۔ قاسم رضوی کا درد مند دل زیادہ دنوں تک ہندوؤں کے یہ مظالم برداشت نہیں کر سکا اور آخر کار انہوں نے ہندو فرقہ پرستوں کے مقابلہ اور مسلمانوں کے تحفظ کے لئے رضاکار تنظیم کی بنا ڈالی۔

بے مثال دلیری

قاسم رضوی اپنی فطرت کے اعتبار سے جرأت مند تھے اس کی بنا پر ان کی بہادری کو خراج تحسین پیش کرنے والے انہیں خطاب دیئے جائیں کم ہیں ان کی جرأت مندی کے بے شمار واقعات میں سے ایک واقعہ بڑا مشہور ہے مثلاً آریہ سماجیوں نے ایک بار قاسم رضوی کے قتل کا منصوبہ بنایا اس کا علم قاسم رضوی صاحب کو ہو گیا وہ راستے کے بجائے سیدھے ان سازشیوں کے گڑھ پہنچ گئے جہاں آریہ سماجیوں کی سینکڑوں کی تعداد جمع تھی اور انہیں مخاطب کر کے کہا مجھے مارنے کے لئے میرے گھر تک آنے کی تکلیف گوارا کرنے سے میں خود تمہارے پاس آگیا ہوں اب مجھے قتل کر دو۔ ہندوؤں میں اتنی ہمت کہاں تھی کہ وہ قاسم رضوی پر ہاتھ ڈال کر تمام مسلمانوں کے غضب کا شکار ہوتے ناچار معافی مانگنے لگے یہ واقعہ ۱۹۳۸ء کا تھا۔

فخر ملت کا خطاب

نواب بہادر یار جنگ نے قاسم رضوی کو ایک جلسۂ عام میں فخر ملت کا خطاب دیا۔ ۱۹۴۰ء میں جب برصغیر کے مسلمانوں کو اپنی سیاسی جدوجہد کے لئے فنڈز کی ضرورت تھی تو قائد اعظم محمد علی جناح اور بہادر یار جنگ نے چندہ کی اپیل کی تو جس سے جو ہو سکا وہ دیا مگر سید قاسم رضوی نے اپنی ساری دولت ساری جائیداد سارا سامان سب کچھ اسی فنڈ میں دے دیا جس کی مالیت کا تخمینہ کئی کروڑوں روپے میں ہو سکتا ہے۔

مجاہد دکن قاسم رضوی کی آخری زمانہ کی تصویر

دریاؤں کے دل جس سے دہل جائیں وہ طوفاں

صدیق دکن کا خطاب

جب قاسم رضوی کا یہ جذبۂ ایثار دیکھ کر مسلمانوں کو حضرت ابوبکرؓ یاد آ گئے اور بہادر یار جنگ نے ملت اسلامیہ ہند کی خواہش پر قاسم رضوی کو صدیق دکن قرار دے دیا اسی طرح قاسم رضوی کو فخر ملت کے بعد یہ دوسرا خطاب حاصل ہوا۔ ۱۹۴۴ء میں مجلس اتحاد المسلمین کے صدر نواب بہادر یار جنگ وفات پا گئے اور ان کے بعد دو سال تک مختلف حضرات مجلس اتحاد المسلمین کے صدر رہے مگر ۱۹۴۶ء میں جب سید قاسم رضوی مجلس کے صدر منتخب ہوئے تو مجلس ایک بہت بڑی قوت بن کر فرنگی حکومت اور ہندو احیاء کے خوابوں کے سامنے آ کھڑی ہوئی۔ قاسم رضوی نے ہندوؤں کو للکارا "پاکستان ایک مسلمہ حقیقت ہے جو دنیا کے نقشے پر آ کر رہے گا اور حیدرآباد آزاد رہے گا۔"

تم گولکنڈے کی طرف نہ دیکھو

قاسم رضوی نے ہندوؤں سے کہا "تم گولکنڈہ کی طرف دیکھو لال قلعہ کی طرف نہیں دیکھتے" — قاسم رضوی کا یہ اشارہ واضح اشارہ تھا کہ اگر ہندو نے حیدرآباد کی طرف بری نگاہ ڈالی تو مسلمانوں کی یلغار لال قلعہ پر ہو گی۔

قاسم رضوی نے پہلی مرتبہ ریاست حیدرآباد میں عوامی ہاتھوں ساز اسمبلی بنوائی اور نظام دکن کو مجبور کیا کہ وہ عوامی نمائندوں میں سے وزیر منتخب کرے ریاست دکن کے نوابوں، جاگیرداروں اور روساء کو ناگوار گزری مگر وہ کر بھی کیا سکتے تھے۔ پے در پے عوامی فتوحات اور عوام کے جذبات کی ترجمانی کے بعد قاسم رضوی حیدرآباد کی حریت کا ایک علامتی نشان بن گئے تھے۔

دکن کا بچہ بچہ رضوی کا حامی تھا ادھر قائد اعظم ان کے پوری طرح ہمنوا — اس طرح ایک طرف تو قاسم رضوی حریت پسند مسلمانوں کی دل کی دھڑکن اور نہرو اور پٹیل کے دل و جان کا ناسور بن گیا تھا۔

آزادی کا اعلان

تقسیم ہند کے وقت قاسم رضوی نے حیدرآباد کی آزادی کا اعلان کر دیا۔ رضوی کو بہت کم وقت ملا لیکن ان کا عزم بلند اور دل ملی جذبہ سے سرشار تھا پاکستان نے اس اعلان کی حمایت کی اور قائد اعظم محمد علی جناح بلا ناغہ روزانہ حالات کے مطابق حیدرآباد کے سلسلہ میں حکومت پاکستان کو احکامات صادر کیا کرتے تھے اس طرح قائد اعظم اور قاسم رضوی ایک جان دو جسم بن گئے تھے۔

پاکستان کیلئے امداد

پاکستان کے آغاز میں قاسم رضوی نے کافی عرصہ تک پاکستان کو بھارتی مالی امداد بھیجی۔ اللہ بہتر جانتا ہے کہ اگر قاسم رضوی پاکستان کے اس وقت میں اعانت نہ کرتے تو پاکستان کا کیا ہوتا مگر یہ بات بہت حقیقت ہے کہ پاکستان میں بعض نمک حرام قاسم رضوی کی بھیجی ہوئی رقم سے ہی تعمیر ہوئیں۔ لوگ محض لاعلمی کی وجہ سے یہ سمجھتے ہیں کہ حیدرآباد سے بھیجے ہوئے بیس کروڑ روپے کے نقصانات ہی پاکستان کے لئے حیدرآباد کی واحد امداد تھی مگر سچ یہ ہے کہ قاسم رضوی نے پاکستان کو اربوں روپیہ سونے کی اینٹوں کی شکل میں بھیجا جو سڈنی کاٹن کے جہاز سے غلام محمد کے ساتھ پاکستان آیا تھا۔

انڈیا کے بھارتوں کا حملہ قاسم رضوی نے اعلان آزادی کے بعد جب بھی پہلی حکومت

ہندو سے دیرپا امن کا معاہدہ جاریہ کیا تھا لیکن اس معاہدہ کے دوران ہی ہندوستان نے اس عہد شکنی کی روایت دہرائی اور معاہدۂ امن کے پرخچے اڑاتے ہوئے مسلح ہندو حیدرآباد کی سرحدوں کے اندر گھس کر لوٹ مار کرتے اور نہتے مسلمانوں اور اچھوتوں پر ظلم ڈھاتے۔ ہندوستان کی یہ تیور دیکھ کر قاسم رضوی نے رضاکار تنظیم کو از سر نو منظم کیا تین لاکھ نوجوانوں کو فوج کی نگرانی میں باقاعدہ عسکری تربیت دی گئی۔ ان رضاکاروں کا استعمال سکھایا گیا اس پر ہندوستان بوکھلا گیا اور شیخ عبداللہ نے قاسم رضوی اور ان کی رضاکار تنظیم کے خلاف ہندوؤں کی ذرائع روایت کے مطابق ظہور پر رچھوٹ سکا دیا۔ ... کا ایک لا متناہی سلسلہ شروع کر دیا۔

دفاعی کوششیں قاسم رضوی نے حیدرآباد کے دفاع کو مضبوط کرنے کے لئے جنگی جہاز، توپیں اور ٹینکوں کی خریداری کی۔ اس پر ستمبر اور نومبر میں انہوں نے حکومت پرتگال نے جزائر ہند کی بندرگاہ گوا کی خریداری کے لئے بھی مذاکرات شروع کر دیئے۔

ہندو سازشیں قاسم رضوی کے ان اقدامات نے دلّی کو لرزہ براندام کر دیا تھا۔ ہندو ریشہ دوانیاں اور چانکیہ کی سازشی سیاست اپنے نقطۂ عروج پر پہنچ گئی ہندوستان نے ۱۹۴۸ء کے وسط میں ریاست کی معاشی ناکہ بندی کر دی اور ریاست کی سرحدوں پر حملے شروع کر کے امن معاہدہ جاریہ کی دھجیاں بکھیر دی۔ ... اور زندگی دونوں کے دشمن بن گئے۔ قاسم رضوی نے حیدرآباد کی آزادی کے دفاع کا معاملہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں بھیجا جو ابھی زیر غور تھا کہ ۱۱ ستمبر ۱۹۴۸ء کو منحوس صبح قائد اعظم کی وفات کا سانحہ پیش آ گیا۔ ... قائد اعظم کی رحلت میں حیدرآبادیوں کے آنسو بھی خشک نہ ہونے پائے تھے کہ ۱۳ ستمبر کو بھارت کی فوج نے بغیر کسی اعلان جنگ کے حیدرآباد پر بڑی فوجی قوت سے حملہ کر دیا اور نہایت ڈھٹائی اور بے شرمی کے ساتھ اسے پولیس ایکشن کا نام دیا گیا اور حیدرآباد کے سقوط کی ناخوشگوار گھڑی آ پہنچی۔

شیر دکن کی گرفتاری ۱۹ ستمبر کو وہ اپنے دفتر میں بیٹھے اپنے جانبازوں کا انتظار کر رہے تھے سینکڑوں فوجیوں کی نگرانی اور انتہائی کرانٹ گنوں کے جلو میں وہ دفتر سے دلیرانہ شان سے باہر نکلے اور گرفتار ہو گئے۔

قید و بند کی اذیتیں اس کے بعد رضوی کے قید و بند کی اذیتیں اور ابتلا و مصائب کا ایک الم ناک دور شروع ہوا کہ زبان و قلم بیان سے عاجز ہیں۔ ٹیپوئے ثانی سید قاسم رضوی ۱۹ ستمبر کو بھارتی حکومت کی نو سال کی قید سے رہائی حاصل کر کے کراچی پہنچے قید و بند کی اذیتوں اور ابتلاء و مصائب کے نتیجہ روز بروز ۵۵ برس کے قاسم رضوی کو ستر سالہ ضعیف بنا دیا تھا۔

پاکستان میں ورود مسعود جب وہ پاکستان پہنچے تو پاکستان نے انہیں سر آنکھوں پر بٹھایا سب کچھ دینے کی کوشش کی لیکن انہوں نے شکریہ کے ساتھ انکار کر دیا اور لاہور میں دوبارہ وکالت کی پریکٹس شروع کر دی۔ ۱۹۵۹ء میں ایوب خان نے محکمہ ترقی اسلام بنایا تو اس کی صدارت کے لئے سب سے پہلے قاسم رضوی کو پیشکش کی مگر قاسم رضوی نے انکار کر دیا حکومت پاکستان نے ۱۹۶۸ء میں صرف ان کی خاطر ترک وطن کے لئے پرمٹ کا اجرا کیا۔ قاسم رضوی نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ اب تک میں جو کچھ دے رہا ہوں پاکستان کو دینا چاہتا ہوں اس سے لینا نہیں چاہتا۔ ایسے تھے قاسم رضوی، دوست، حریت کا ایسا جو اتحاد جو اب ہو۔

علالت اور وفات دسمبر ۱۹۶۹ء میں وہ لاہور سے کراچی آئے بیمار ہوئے اور اپنی بڑی ... حیدرآباد

THE ONLY IATA AGENCY IN INDIAN BAZAAR

Canada International Tour

1415 GERRARD STREET, TORONTO

Let our Experience Help you

CALL: SABIHA KHALID

at 469-1169

IATA

WINTER WINNER BONUS DRAW

ونٹاریو کا بونس ڈرا اکتنی کشش ہے اس میں۔ ساڑھے پانچ ملین ڈالر سے زیادہ کا ٹیکس فری انعام جس میں ۱½ ملین ڈالر کا بونس انعام بھی شامل ہے۔ اور آپ موسم سرما کے جیتنے والوں میں سے ہو سکتے ہیں۔ ۱۵ جنوری کے دن بونس ڈرا کیلئے سات عدد والا نمبر آپ کو موقع فراہم کرتا ہے کہ آپ ایک لاکھ کے پانچ، ۲۵ ہزار کے بیس یا دس ہزار کے پچاس انعامات جیت سکیں۔ اگر آپ کے ٹکٹ کا بونس ڈرا کا نمبر ۷۵ بونس ڈرا کے لئے قرعہ اندازی کے بعد نکالے گئے نمبروں میں کسی ایک سے ہی بالکل مل جائے تو آپ دس ہزار یا ایک لاکھ یا ۲۵ ہزار کے انعام کے مستحق ہونگے۔ عام چھ اعداد والا ٹکٹ نمبر آپ کو موقع فراہم کرتا ہے کہ آپ ایک لاکھ کے ۷ انعامات یا ۲۵ ہزار کے ۲۸ گرانڈ انعامات میں کسی ایک انعام کے حقدار بن سکیں۔ آپ ۱ اور اس کے علاوہ ۳۸۷۹۳۳ مزید انعامات ہیں جس کی مالیت ۴۲۲۱۰۰۰ ہے اور جو ٹیکس فری ہے۔

ضرورتِ رشتہ

۲۲ سالہ نوجوان سعودی عرب میں مقیم، ماہانہ آمدنی ۲۸۰۰ ریال، کیلئے شریف سنی خاندان کی نیک سیرت خوش اطوار خوش گفتار، تعلیم یافتہ نوخیز لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ رجوع کریں۔ نذیرہ الحوار کمپنی پوسٹ بکس نمبر ۲۱۹، الجبیل سعودی عرب یا پیامبر کی معرفت خط لکھیں۔

مہاجر پٹھان خاندان کی ۱۹ سالہ دراز قد، میٹرک پاس، ٹورانٹو میں مقیم، یتیم دوشیزہ کیلئے تعلیم یافتہ / بزنس مین / ہنرمند خوبصورت لڑکا چاہئے۔ تفصیل بمع فوٹو (ضروری) رابطہ قائم کریں بیگم بازل معرفت پیامبر

لڑکی عمر ۲۸ سال، قبول صورت، سلیقہ مند، ایم۔ اے۔ کیلئے انجینئر لڑکے کا رشتہ مطلوب ہے۔ خاتون معرفت پیامبر

یہ جگہ آپ کے اشتہار کیلئے خالی ہے۔ مختصر اشتہار کا معاوضہ صرف چھ ڈالر ہے جس کا پیشگی آنا ضروری ہے۔

بقیہ

ٹیپوئے ثانی

سید قاسم رضوی

ڈاکٹر مسرور سلطانہ کے گھر مقیم ہوئے کیونکہ ... دو دن اپنے بیٹے کی سرپرستی پڑھا ان کے عملی ... جنوری کو نعش ... سنکر ... ادا ... خطیب ... پاکستان کا محسن ... کا ... ہمیشہ کی نیند سو گیا۔

آگ تھے ابتدائے عشق میں ہم
ہو گئے خاک انتہا یہ ہے

wintario

WINTER WINNERS BONUS DRAW

75 BONUS PRIZES*

5-$100,000
20-$25,000
50-$10,000

35 GRAND PRIZES**

7-$100,000
28-$25,000

*No subsidiary prizes. **Based on 7 million tickets issued.

WHOOO-EEE! What a Bonus Draw. Over $5½ million in tax-free prizes. Including $1½ million in Bonus Prizes. And you could be a Winter Winner on January 15th. The seven-digit Bonus Draw Ticket number gives you a chance to win one of 5-$100,000, 20-$25,000 or 50-$10,000 Bonus Prizes. If your Bonus Draw number corresponds exactly to any of the 75 Bonus numbers drawn, you're a $10,000, $25,000 or $100,000 winner! That's $1½ million in Bonus Prizes! The regular six-digit ticket number gives you a chance to win one of 7-$100,000 or 28-$25,000 Grand Prizes. And there are 387,933 other prizes. That's $4,221,000 worth of regular tax-free prizes!

GET YOUR TICKET NOW. $1.00

قرآن اور آپ کا گھر

کیا آپ کے گھر میں قرآن پڑھا جاتا ہے ؟

بالغ افراد میں سے کتنے ہیں جو قرآن پڑھتے ہیں ؟

کیا بچوں کو قرآنی قصص و واقعات سنائے جاتے ہیں ؟

کیا گھر میں قرآن کی آیات اور احکام پر باتیں ہوتی ہیں ؟

بڑوں اور بچوں کو قرآن میں سے کیا کچھ یاد ہے ؟

بڑوں اور بچوں میں سے قرآن کا مفہوم سمجھنے یا ترجمہ جاننے والا بھی کوئی ہے ؟

کیا گھر میں قرآن کو سمجھنے کیلئے ترجمے یا تفسیریں وغیرہ موجود ہیں ؟

کیا قرآنی آیات یا ان کے تراجم کے کتبے دیواروں پر آویزاں ہیں ۔

کیا گھر کے مرد یا خواتین کسی حلقۂ درسِ قرآن میں حصہ لیتی ہیں ؟

محض آپ کے غور و خوض کیلئے

You're Gonna Love Fridays!

ANNOUNCING THE NEW WEEKLY PROVINCIAL

PROVINCIAL FUN GOES WEEKLY

اب آپ صوبائی لاٹری نئے طریقہ پر کھیل سکتے ہیں یعنی ہر جمعہ کی شب کو

$500,000 EVERY FRIDAY

نئی ہفتہ وار صوبائی لاٹری میں پہلا انعام ۵ لاکھ ڈالر ہے جو بینگو سے مختلف ہے۔ اس کے علاوہ ۱۰ ڈالر تا ۵۰ ہزار ڈالر کے ہزاروں انعامات ہیں۔

INSTANT PRIZES – UP TO $5,000

آپ کی نئی ہفتہ وار صوبائی لاٹری آپ کو فوری طور پر ۵۰ ، ۵۰۰ یا ۵۰۰۰ ڈالر جیتنے کا موقع فراہم کرتی ہے (اور مفت ٹکٹ بھی)

HOW YOU WIN:
Match as few as two digits and win tax free

1234567	WINS $500,000
•234567	WINS $50,000
••34567	WINS $1,000
•••4567	WINS $100
••••567	WINS $25
•••••67	WINS $10

SAMPLE NUMBERS

cash. Chances of winning are now one in 3.41, higher than ever before. Here's how you can win:

FIVE FRIDAYS OF FUN FOR JUST $5

آپ کا ہفتہ وار صوبائی لاٹری کا ٹکٹ آپ کو پانچ ہفتوں تک ہر جمعہ کو ۵ لاکھ ڈالر تک کا انعام جیتنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ اگر آپ انعام نہیں جیت سکے تو ٹکٹ ضائع مت کیجئے آپ اسی ٹکٹ پر دوبارہ اپنی قسمت آزما سکتے ہیں۔ ویسے ہر ہفتہ نئے ٹکٹ خریدیں تاکہ جیتنے کے مواقع زیادہ ہوں۔

$500,000 EVERY FRIDAY

FIRST DRAW - FRIDAY, **JANUARY 9**

New Weekly Provincial

ہم دنیا نہیں بیچتے لیکن ....

آپ کو دنیا کے ہر گوشہ میں پہنچا سکتے ہیں۔ کم سے کم وقت میں سستی سے سستی ہوائی ٹکٹ مہیا کرنا ہمارا پیشہ ہی نہیں ہمارا فرض ہے

محمد جاوید پال

Big Ben Travel

Suite 201, Victory Bldg.
80 Richmond St. West.
Toronto, Ontario
Canada M5H 2A4
Tel: 364-0750

Contact M. Javed

محمد جاوید پال سے رابطہ قائم کیجئے

فون نمبر 364-0750

North Hill
Shopping Center
1768 14 Avenue N.W.
Calgary, Alberta,
Canada, T2N 1M5
Tel: [403] 289-1913

اسکاربرو میں رہنے والوں کیلئے خوش خبری

خود آکر دیکھئے کہ کیا کیا چیزیں سیل پر ہیں

آپ کی بچت ——— ہماری تجارت ہے
آپ کا اطمینان ——— ہماری کامیابی ہے

INDIAN GROCERIES AND SPICES

1975 LAWRENCE AVE. EAST
SCARBOROUGH, ONTARIO. CANADA
(416) 759-7157

724 WILSON AVENUE
DOWNSVIEW, ONTARIO. CANADA
(416) 630-4336

HEAD OFFICE:
4607 WAST NORTH AVENUE
MILWAUKEE, WISCONSIN 53208
USA (414) 871-2070

WHOLESALE · RETAIL · MAILORDER

گروسری۔ سبزیاں اور ہر قسم کے مصالحہ جات

نہایت ہی سستے داموں پر خریدنے کیلئے

ہمارے ہاں تشریف لائیں۔

PIRRI'S *Dixieland* MARKET
FRESH FRUITS — VEGETABLES — FLOWERS
FRUITS FRAIS — LEGUMES — FLEURS

PHARMACY & LAWRENCE
SCARBORO, ONTARIO

TELEPHONE
759-0473

ہر قسم کی اعلیٰ گروسری۔ تازہ سبزیاں

تازہ حلال گوشت · تازہ حلال مرغیاں

ھاؤس آف حلال میٹ

HOUSE OF HALAL MEAT

803 Danforth Avenue
Toronto, Ontario

Please Call ISMAIL *At* **461 2839**

وائس آف پاکستان

ہملٹن واطراف میں رہنے والے پاکستانیوں کیلئے
دلچسپ ٹی۔ وی پروگرام

ہر اتوار کو ساڑھے تین بجے کیبل ۱۴ پر شمالی امریکہ
کے جانے پہچانے فنکار بشیر۔ اے۔ خان انتہائی
دلچسپیوں کے ساتھ یہ پروگرام پیش کرتے ہیں۔

بشیر۔ اے۔ خان

ٹاپس آف دی ایسٹ

CFMU-FM 93.3

ریڈیو پروگرام

ہر اتوار کو ایک بجے سے دو بجے سہ پہر تک
بشیر اے خان پیش کرتے ہیں۔

ٹی۔ وی اور ریڈیو پروگرام کے متعلق ہمیں
اپنے مشوروں سے مستفید کیجیے

Voice of Pakistan

P.O. Box 6212 STATION "F"
HAMILTON, ONT. L9C 5S3

یا فون کیجئے

فون نمبر 416-561-2431

Universe Travel Agency

IATA

Are you planning to go to Pakistan, India, Sri Lanka or Bangladesh?

Every time we give our customers fast, friendly service, we add one more reason for them to come back to buy again.

Please call:

UNIVERSE TRAVEL AGENCY

and ask for Zaheer Modi at

630-7393

3316 KEELE STREET, DOWNSVIEW, ONTARIO

FORTNIGHTLY

THE MESSENGER

P.O.Box 2114
Postal Station B
Scarborough, Ontario
Canada M1N 2E5
PHONE (416)267-8006

EDITOR & PUBLISHER: SOHAIL AKHTAR

VOL: 4 JAN. 07, 1991 NO. 01

حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تم کو ایسے شخص کی خبر نہ دوں جو دوزخ کیلئے حرام ہے اور دوزخ کی آگ اس پر حرام ہے۔

سنو میں بتاتا ہوں کہ دوزخ کی آگ حرام ہے ہر ایسے شخص پر جو نرم مزاج ہو، نرم ہو، لوگوں سے قریب رہنے والا ہو، نرم خو ہو

(معارف الحدیث ابوداؤد، ترمذی)

از طرف — ایک بندۂ خدا

اندر کے صفحات پر
قرآن کی آیات درج ہیں۔
آپ سے درخواست ہے کہ
اس کا احترام کیجئے

فروزن و تازہ سبزیاں و مصالحہ جات

تازہ حلال گوشت

بازار سے مناسب داموں ہم سے طلب فرمائیں

الفلاح

ALFLAH GROCER

Tel. 762-1633

2783 Dundas St.West
Toronto, Ont.

ٹریول ایجنسی؟

آئندہ شمارہ دیکھیے۔ صفحہ ۸ پر

ELECTRICAL & REPAIR

*ELECTRIC MAINTANCE *HOME INSTALATIONS *REPAIRS *WIRING

ELECTRIC DOOR OPERATORS

CONVENIENCE — SECURITY

- DEPENDABLE CHAIN DRIVE
- AUTOMATIC LIGHT DELAY



- 1/3 H.P. OPERATORS
- AUTOMATIC SAFETY REVERSE

BASEMENT
*NEW
*RENOVATIONS
* REPAIRS
*ALTERATIONS
*PLUMBING

THERMAL
Replacement Windows

Double or triple glazed

- 4" Aluminum Frame
- Vinyl Thermal Break
- Styrofoam Insulation
- 1⅛" Thick Thermal Glass
- Removable Sliders
- Insect Screen
- Easy Cleaning
- Maintenance Free
- One Day Installation
- Cut Fuel Bills
- Any Size or Design

We remove your old windows, install custom fitted Thermo Windows. We cap existing wood frames with enamelled aluminum.
Also:
Storm windows & doors, soffit & fascia, siding, eavestroughs, roofs.

Home Improvements by

WHY THROW HEATING DOLLARS OUT YOUR WINDOWS?

ES

EVERSHINE HOME IMPROVEMENT CO.

Azhar Shaikh
538 DANFORTH ROAD
SCARBOROUGH M1K 1G6
TELEPHONE
Res. 265-3408 Ofc. 264-3850

METRO LICENCE B—4803 MEMBER OF THE BETTER BUSINESS BUREAU

پیغامبر کا حوالہ دینے پر ۵ فیصد رعایت

فروغ اردو کیلئے پیغامبر کا مطالعہ کیجئے

پیغامبر کے خریدار بنکر اردو زبان کی حوصلہ افزائی کیجئے

شرح خریداری

برائے کینیڈا اور امریکہ	سالانہ	۱۵ ڈالر
دیگر ممالک کیلئے	سالانہ	۱۸ ڈالر

خریداری کی رقم بذریعہ پوسٹل آرڈر، بینک ڈرافٹ یا منی آرڈر اس پتہ پر روانہ کیجئے

The Messenger
پیغامبر
P.O.Box 2114
Postal Station B
Scarborough, Ontario
Canada M1N 2E5

فون نمبر 267-8006